Shabbir / Fazil

06-05-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں کونین حیدر

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں ویئتنام کے صدر To Lam کے ساتھ بات چیت کریں گے۔

2- انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال کے چیف سکریٹری، DGP اور مرکزی مسلح پولیس دستوں سے کہا ہے کہ وہ چناؤ کے بعد کے تشدد کو، ہرگز برداشت نہ کرنے کا اصول لاگو کریں۔

3- انتخابی کمیشن نے، انتخابی عمل مکمل ہونے کے بعد مغربی بنگال، آسام، کیرالم، تمل ناڈو اور پڈوچیری میں نئی اسمبلیوں کی تشکیل کیلئے نوٹیفکیشن جاری کیا ہے۔

4- NIA، نے ISIS کے رابطے والی بایو ٹیرر سازش میں، ڈاکٹر اور دو دیگر کو، بڑے پیمانے پر، لوگوں کو زہر دینے کے الزام میں ماخوذ کیا ہے۔

5- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ پروجیکٹ فریڈم، جو آبنائے ہُرمز میں پھنسے ہوئے جہازوں کو بحفاظت نکالنے کیلئے شروع کیا گیا ہے، اُسے مختصر وقفے کیلئے روکا جائے گا۔

6- اور IPL کرکٹ میں، چنئی سُپر کنگس نے ڈیلی کیپیٹلز کو 8 وکٹ سے ہرا دیا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Vietnam President

وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں، ویتنام کے صدر To Lam کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ دونوں رہنما دوطرفہ تعلقات کے پورے منظرنامے پر وسیع بات چیت کریں گے۔ وہ باہمی مفاد کے علاقائی اور عالمی معاملات پر بھی بات چیت کریں گے۔

ویتنام کے صدر گل، بھارت کے تین روزہ دورے پر نئی دلّی پہنچے تھے۔ ہوائی اڈّے پر اُن کا استقبال امور داخلہ کے وزیر مملکت نتیہ نند رائے نے کیا۔ اُن کے ہمراہ ویتنام حکومت کے بہت سے وزیروں اور سینئر افسران پر مشتمل اعلیٰ سطح کا ایک وفد بھی ہے۔ اُن کے ساتھ سرکردہ تاجروں کا ایک وفد بھی ہے۔

صدر To Lam کا، اِس سال اپریل میں ویتنام کے صدر کے طور پر چُنے جانے کے بعد بھارت کا یہ پہلا سرکاری دورہ ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Anupam

ویئتنام کے صدر To-Lam کو آج راشٹرپتی بھون کے احاطے میں باضابطہ رسمی استقبالیہ دیا جائے گا۔ وہ راج گھاٹ میں مہاتما گاندھی کو گلہائے عقیدت نذر کریں گے۔ وزیر اعظم نریندر مودی اور ویئتنام کے صدر کے درمیان بات چیت کے بعد، کئی مفاہمت ناموں پر دستخط کیے جائیں گے اور ان کا تبادلہ کیا جائے گا۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو ویئتنام کے اپنے ہم منصب کے ساتھ آج شام راشٹرپتی بھون میں ملاقات کریں گی۔ لوک سبھا اسپیکر اوم برلا، دورے پر آئے مہمان سے ملنے جائیں گے۔ ویئتنام کے صدر آج انڈین کاؤنسل آف ورلڈ افیئرس کے زیر اہتمام 56 واں سپرو ہاؤس لیکچر بھی دیں گے۔

انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں.....

ECI WB Directive

بھارت کے انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال کے چیف سکریٹری، ڈائریکٹر جنرل آف پولیس اور مرکزی مسلح پولیس فورسز کو انتخابات کے بعد کسی بھی قسم کے تشدد کو قطعی برداشت نہ کیے جانے کو یقینی بنانے کی ہدایت دی ہے۔ زمینی سطح پر صورتحال کا جائزہ لیے جانے کے بعد جاری کیے گئے ایک حکم نامے میں کمیشن نے سخت اور فوری اقدام کی ضرورت پر زور دیا، تاکہ اسمبلی انتخابات کے نتائج کے بعد امن و قانون کو برقرار رکھا جائے۔

انتخابی کمیشن نے ریاستی انتظامیہ اور سکیورٹی ایجنسیوں سے کہا ہے کہ وہ انتخابی نتائج کے تعلق سے ڈرانے دھمکانے، بدلے، یا ٹکراؤ کی کسی بھی کارروائی کو روکنے کیلئے تمام ضروری اقدامات کریں۔

کمیشن نے حکام کو یہ بھی ہدایت دی ہے کہ وہ تمام شہریوں خصوصاً کمزور گروپوں اور سیاسی کارکنان کی حفاظت و سلامتی کو یقینی بنائیں اور حساس علاقوں میں سکیورٹی فورسز کی نمایاں موجودگی کو برقرار رکھیں۔ سینئر افسران کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ چوکس رہیں اور ریاست میں ہونے والے کسی بھی واقعے کی اطلاع ملنے پر فوری کارروائی کریں۔ یہ ہدایات تشدد کے اُن الگ الگ واقعات کے بارے میں تشویش کے دوران جاری کی گئی ہیں، جن کی اطلاع نتائج کے اعلان کے بعد دی گئی تھیں، جو انتخابات کے بعد ریاست کے علاقوں میں بار بار اُبھرنے والا معاملہ ہے۔ ×

Rev. ECI Notification

انتخابی کمیشن ECنے مغربی بنگال آسام، کیرالہ،تمل ناڈو اور پدوچیری میں انتخابی عمل مکمل ہوجانے کے بعد، نئ اسمبلیاں تشکیل دیے جانے کی غرض سے، نوٹیفکیشن جاری کئے ہیں۔ یہ نوٹیفکیشن باضابطہ طور پر انتخابی عمل کے اختتام پذیر ہونے اور نئ سرکاروں کی تشکیل کے مقصد سے ریاستوں کے گورنرس اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں لیفٹننٹ گورنرس صاحبان کو بھیجے گئے ہیں۔

انتخابی کمیشن کے ایک سینئر عہدیدار نے کہا کہ نوٹیفکیشن کا اجراء، چناؤ نتائج کے اعلان کے بعد ایک کلیدی آئینی قدم ہے اور اس کے ساتھ ہی انتخابی کمیشن کی جانب سے نئ اسمبلیاں تشکیل دیے جانے کا عمل مکمل ہوچکا ہے۔ عہدیدار نے یہ بھی کہا کہ کمیشن نے اسمبلی انتخابات کے انعقاد کے دوران سبھی ضابطوں پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنایا ہے۔

پولنگ سے دوووٹوں کی گنتی تک، پورا عمل، قانونی فریم ورک کے مطابق، آزادانہ، منصفانہ اور شفاف طریقے سے انجام دیا گیا ہے۔

نوٹیفکیشن سے ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں منتخبہ نمائندوں کی حلف برداری اور نئ سرکاروں کی تشکیل کی راہ ہموار ہوگئ ہے۔x

BJP Mamta

بی جے پی نے کہا ہے کہ بھارت ایک جمہوریت ہے اور اس کا ہمیشہ احترام کیا جانا چاہیے۔ مغربی بنگال کی سبکدوش ہونے والی وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی کی مبینہ رائے زنی پر ردّ عمل ظاہر کرتے ہوئے، بی جے پی کے ترجمان سَمبت پاترا نے اس تبصرہ کو انتشار پیدا کرنے والا قرار دیا اور ممتا بنرجی پر زور دیا کہ وہ اس قسم کے بیان دیتے ہوئے تحمّل کا مظاہرہ کریں۔ جناب پاترا نے کہا کہ یہ تبصرے تشویش کا باعث ہیں، کیونکہ ملک کی جمہوریت میں اقتدار کی منتقلی ہمیشہ پُر امن طریقے سے ہوئی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ یہ کوئی بی جے پی پر حملہ نہیں ہے، بلکہ یہ جمہوریت اور ملک کے آئین پر حملہ ہے۔

S/B - Sambit Patra

BJP Observers

بی جے پی نے سینٹر پارٹی لیڈر اور مرکزی وزیر امت شاہ کو مغربی بنگال میں لیجسلیٹیو پارٹی کے لیڈر کے انتخاب کیلئے مرکزی مشاہد مقرر کیا ہے، جبکہ اُڈیشہ کے وزیر اعلیٰ موہن چَرن ماجھی کو ریاست میں مرکزی معاون مشاہد مقرر کیا گیا ہے۔

مرکزی وزیر جے پی نڈّا کو آسام میں لیجسلیٹیو پارٹی کا لیڈر منتخب کرنے کیلئے مرکزی مشاہد مقرر کیا گیا ہے۔
ہریانہ کے وزیر اعلیٰ نائب سنگھ سینی کو ریاست میں معاون مشاہد مقرر کیا گیا ہے۔
مرکزی وزیر ڈاکٹر من سُکھ مانڈویا اور پدوچیری میں BJP کے انچارج نرمل کمار سُرانا کو پدوچیری میں مرکزی مشاہدین مقرر کیا گیا ہے۔ BJP کے پارلیمانی بورڈ نے مرکزی مشاہدین کیلئے ان ناموں کی منظوری دی ہے۔x

Trump PM Modi

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے وزیر اعظم نریندر مودی کو حالیہ اسمبلی انتخابات میں بی جے پی کی جیت پر مبارکباد دی ہے۔ وہائٹ ہاؤس کے ترجمان Kush دیسائی نے کہا کہ صدر ٹرمپ نے وزیر اعظم مودی کو حالیہ تاریخی اور فیصلہ کُن انتخابی جیت پر مبارکباد دی ہے۔
بی جے پی نے 294 رکنی بنگال اسمبلی میں 206 سیٹیں جیتی ہیں، جبکہ ممتا بنرجی کی قیادت والی ترنمول کانگریس نے محض 80 سیٹوں پر کامیابی حاصل کی ہے۔
اِدھر آسام میں بی جے پی نے مسلسل تیسری مرتبہ اپنا اقتدار برقرار رکھا ہے، جبکہ پدوچیری میں NDA نے 30 سے 18 سیٹیں جیت کر واضح اکثریت حاصل کر لی ہے۔x

TN Govt Formation

تمل ناڈو میں، اسمبلی انتخابات میں ایک واحد بڑی پارٹی کے طور پر ابھرنے والی TVK ریاست میں حکومت سازی کا دعویٰ پیش کرے گی۔ پارٹی کا کہنا ہے کہ اُس کے لیڈر جوزف وِجے آج گورنر راجیندر وشوناتھ Arlekar سے ملاقات کرکے ریاست میں نئی حکومت تشکیل دینے کیلئے پارٹی کا دعویٰ پیش کریں گے۔ TVK کو ریاستی اسمبلی میں اکثریت حاصل کرنے کیلئے مزید 10 ارکان اسمبلی کی حمایت کی ضرورت ہے۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Rev.NIA Terror Plot

قومی تحقیقاتی ایجنسی NIA نے ایک ڈاکٹر سمیت تین افراد کے خلاف ایک فرد جرم داخل کی ہے۔ یہ فرد جرم، عوامی مقامات پر لوگوں کو ایک بائیولوجیکل زہر دینے کی، ISIS کی ایک سازش میں اِن لوگوں کے ملوث ہونے کے سلسلے میں داخل کی گئی ہے۔

حیدرآباد میں مقیم ڈاکٹر سید احمد محی الدین اور اتردیش کے، ساتھی ملزم آزاد اور محمد سہیل کو گجرات کے شہر احمد آباد میں NIA کی ایک خصوصی عدالت کے سامنے یہ فرد جرم پیش کی گئی ہے۔

ملزمین نے دولتِ اسلامیہ سے وابستہ بیرونِ ملک مقیم اپنے آقاؤں کی ہدایت میں کام کرتے ہوئے، اپنے آقاؤں کی طرف سے کمزور نوجوانوں کو انتہا پسند بناکر بھرتی کرنے کیلئے اُن سے مل جل کر کام کیا تھا، تاکہ جہاد میں مدد دی جا سکے اور ممنوعہ ہتھیاروں نیز بایوٹیرارزِم کے ذریعے دہشت پھیلائی جا سکے۔

انھوں نے ایک انتہائی زہریلے مادے Ricin یا اَرنڈ کے استعمال کی منصوبہ بندی کی تھی، جسے کیمیاوی ہتھیاروں کے کنوینشن کی پہلی فہرست میں شامل کیا گیا ہے۔ اِن لوگوں کا مقصد ISIS کے اِن نفرت انگیز ایجنڈے کو آگے بڑھانا تھا۔

یہ کیس ابتدائی طور پر چین کے ایک MBBS ڈاکٹر محی الدین کی گرفتاری کے بعد، دہشت گردی کی روک تھام کے گجرات اسکوئڈ نے درج کیا تھا، محی الدین، غیر قانونی ہتھیار، ایک ٹول پلازا سے گزارتے ہوئے پکڑا گیا تھا۔ اُس کے پاس سے نومبر 2025 کو، ارنڈ کے، چار لیٹر تیل پر مشتمل ایک بوتل اور مجرمانہ نوعیت کی کچھ دیگر چیزیں برآمد کی گئی تھیں۔ ATS نے تفتیش کے بعد اُسی دن مزید دو ملزموں کو بھی گرفتار کیا تھا۔x

Jalandhar Blast

پنجاب میں کل شام جالندھر میں سرحدی حفاظتی فورس BSF کے فرنٹیئر ہیڈ کوارٹر کے سخت حفاظتی انتظامات والے مرکزی دروازے کے قریب ایک دھماکہ ہونے سے علاقے میں خوف و ہراس اور تشویش پیدا ہوگئی۔ یہ واقعہ اُس وقت پیش آیا جب ایک Online سامان ڈلیوری کمپنی میں کام کرنے والا ڈلیوری بوائے BSF اہلکاروں کو پارسل پہنچانے آیا تھا۔ جب وہ پارسل پہنچاکر اپنے اسکوٹر پر واپس آیا تو ایک دھماکہ ہوا جس سے اس کی گاڑی کے پرخچے اڑ گئے اور قریب کے کچھ کھمبوں کو بھی نقصان پہنچا۔ اُس لڑکے کے بھی معمولی چوٹیں آئی ہیں۔

واقعے کے فوراً بعد پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا اور تمام زاویوں سے معائنہ کیا جا رہا ہے۔ جالندھر کی پولیس کمشنر دھن پریت کور جو، اس تفتیش کی نگرانی کر رہی ہیں، انھوں تفصیل بتاتے ہوئے کہا کہ تحقیقات جاری ہیں اور ڈلیوری بوائے بھی پولیس کے ساتھ تعاون کر رہا ہے۔x

Trump Project Freedom

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ پروجیکٹ فریڈم، جو آبنائے ہُرمز میں پھنسے ہوئے جہازوں کی رہنمائی کرنے والا ایک مشن ہے، کچھ وقفے کیلئے روکا جائے گا۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب ٹرمپ نے کہا کہ محاذ آرائی کو ختم کرنے کیلئے ایران کے نمائندوں کے ساتھ ایک جامع معاہدہ کیے جانے کی طرف بڑی پیشرفت ہوئی ہے۔ انہوں نے وضاحت کی کہ حالیہ فوجی کارروائی اور سفارتی بات چیت کی پیشرفت کی روشنی میں، پروجیکٹ فریڈم کے تحت ایک مختصر وقفے کیلئے آبنائے ہُرمز میں جہازوں کی اِس کارروائی کو روکنے کا ایک باہمی فیصلہ کیا گیا ہے۔

ٹرمپ نے یہ بھی کہا کہ اِس وقفے سے اِس بات پر غور و خوض کرنے کا وقت مل جائے گا کہ امریکہ اور ایران کے درمیان ایک قطعی معاہدہ کیا جا سکتا ہے۔

امریکی صدر نے یہ اعلان، وزیر خارجہ مارکو روبیو کی طرف سے یہ کہے جانے کے بعد کیا ہے کہ ایران میں، امریکہ-اسرائیل کے ابتدائی حملے Operation Epic Fury اِس کارروائی کے مقاصد حاصل ہو جانے کے بعد ختم کر دیے گئے ہیں۔

اتوار کو ٹرمپ نے پروجیکٹ فریڈم کا اعلان کیا تھا۔ ایک اور سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب ٹرمپ نے کہا کہ دنیا بھر کے ممالک نے امریکی مدد کیلئے درخواست کی تھی کہ اُن کے جہازوں کو، لڑائی میں پھنسے ہوئے جہازوں کو بحفاظت نکال لیا جائے۔

تفصیل مغربی ایشیاء کے ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Vinod Kumar

مغربی ایشیاء کی صورتحال اب بھی غیر مستحکم ہے اور بہت سے عناصر ہیں، جن کی وجہ سے جنگ بندی کو نقصان پہنچنے کا خطرہ لاحق ہے۔ آبنائے ہُرمز ایک بار پھر ٹکراؤ کا سبب بن گئی ہے، کیونکہ امریکی فوجوں نے کمرشل جہازوں کے راستوں کو محفوظ کرنے کی کوششیں تیز کر دی ہیں۔ ایران کے میزائلوں اور ڈرونز کو، UAE کی طرف سے مار گرائے جانے سے کشیدگی میں اضافہ ہو گیا ہے اور تشویش پیدا ہو گئی ہے کہ اِس تنازعے میں اور بھی شدّت آجائے گی۔ اسی دوران جنوبی لبنان میں اسرائیل اور حزب اللہ نے، جو ایک دوسرے پر حملے کیے ہیں، اُن سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ مخاصمت مزید کئی محاذوں تک پھیل گئی ہے۔

اگرچہ سفارتی ذرائع سرگرم ہیں، لیکن امریکہ اور ایران کی طرف سے ایک دوسرے کے خلاف بیانات کی وجہ سے قیاس آرائیوں میں اضافہ ہو گیا ہے۔

دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں.....

IPL

IPL کرکٹ میں، کل رات نئی دلّی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں چنئی سُپر کنگس نے سنجو سیمسن کے ناٹ آؤٹ

87 رن اور کارتک شرما کے 41 رن کی بدولت ڈیلی کیپیٹلس کو آٹھ وکٹ سے ہرا دیا۔ جیت کیلئے درکار 156 کیلئے کھیلتے ہوئے، چنئی سُپر کنگس نے 17 اوورس اور تین گیندوں میں دو وکٹ کے نقصان پر جیت کا ہدف حاصل کر لیا۔ سنجو سیمسن کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

آج شام ساڑھے سات بجے حیدرآباد کے راجیو گاندھی اسٹیڈئم میں سن رائزرس حیدرآباد کا مقابلہ پنجاب کنگس سے ہوگا۔x

IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے آج بہار اور مغربی بنگال کے گنگا کی ترائی والے علاقے میں موسلا دھار بارش کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ محکمے نے کہا ہے کہ ان خطوں میں، کُل تک، 60 کلومیٹر فی گھنٹہ تک کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا بھی امکان ہے۔

محکمے نے یہ بھی بتایا ہے کہ آج اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ اور سکّم میں بھی شدید بارش ہوسکتی ہے۔ اس کے علاوہ محکمۂ موسمیات نے کیرالم، ماہے، تمل ناڈو، پدوچیری اورکرائیکل میں اتوار تک موسلا دھار بارش کی بھی پیش گوئی کی ہے۔

اس دوران، محکمے نے مغربی راجستھان میں ہفتے سہ پہر تک اِکّا دُکّا مقامات پر شدید گرمی پڑنے کی بھی پیش گوئی کی ہے۔ اس نے یہ بھی کہا کہ کونکن اور گوا میں اتوار تک گرمی اور ہوا میں نمی رہنے کا بھی امکان ہے۔x

Gadkari Auto Summit

سڑک ، ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے وزیر نتن گڈکری نے کہا ہے کہ الیکٹرک گاڑیوں کو خریدنے کے سلسلے میں، لوگوں کا جذبہ بڑھتا جا رہا ہے۔ وزیر موصوف نئی دلّی میں Auto Summit اور 2026 کے ایوارڈز کی ایک پرائیویٹ تقریب سے اظہار خیال کر رہے تھے۔

جناب گڈکری نے یہ بھی کہا کہ لوگ روایتی ایندھن کے بہترین متبادل کا استعمال کریں اور اُن میں اِسے فروغ دیا جائے، اِس بات پر جامع تحقیق کی جا رہی ہے۔

انہوں نے بتایا کہ دلّی NCR میں، ایک لاکھ 60 ہزار کروڑ روپے کی لاگت والی سڑکیں تعمیر کی جا رہی ہیں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ بھارتی صنعتیں، بایوماس سے بایو CNG تیار کرنے پر بھی کام کر رہی ہیں۔

متبادل ایندھن کی پیداوار میں کسانوں کے اہم رول پر زور دیتے ہوئے جناب گڈکری نے کہا کہ کسانوں کا رول، پہلے محض اناج پیدا کرنے والوں اور کاشت کرنے والوں کا تھا، لیکن اب یہ، توانائی پیدا کرنے والوں،

Bitumen تیار کرنے والوں اور ہائیڈروجن تیار کرنے والوں کا ہو گیا ہے۔

S/B - Nitin Gadkari

Jual Oram EMRS

قبائلی امور کے مرکزی وزیر Jual Oram نے کل نئی دلی میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی۔ اِس میٹنگ میں ملک بھر میں Eklayyya Model Residential School (EMRS) کی تعمیر میں ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔

میٹنگ کے دوران وزیر موصوف نے EMRS پروجیکٹوں کی بروقت تکمیل کی اہمیت پر زور دیا، کیونکہ یہ دور دراز اور کم سہولیات والے علاقوں میں قبائلی طلبا کو معیاری تعلیم فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انھوں نے سرکاری شعبے کی کمپنیوں،عوامی بہبود کے مرکزی محکمے اور ریاستی حکومتوں سمیت تمام متعلقہ ایجنسیوں سے کہا کہ وہ پروجیکٹ کے مقامات پر افرادی قوت اور وسائل سے بھرپور استفادہ کرکے تعمیرات سرگرمی میں تیزی لائیں۔x

BRICS EWG

ملازمین کے ورکنگ گروپ کی دوسری میٹنگ، جو بھارت کی BRICS صدارت کے تحت منعقد ہو رہی ہے، آج ترو انت پورم میں شروع ہوگی۔ اِس دو روزہ میٹنگ میں محنت، روزگار اور کارکنوں کی بہبود پر بات چیت کیلئے بِرکس کے رکن ممالک کے نمائندے یکجا ہوں گے۔

محنت اور روزگار کے وزارت نے کہا کہ اِس میٹنگ کے دوران رکن ممالک، گزر بسر کے یقینی نظام کو آگے بڑھانے، محنت سے متعلق مارکیٹ کی تشکیل اور افرادی قوت میں خواتین کی شرکت میں اضافے پر بات چیت کریں گے۔ اُس نے یہ بھی بتایا کہ اِس معاملے پر بات چیت میں روزگار کی اہلیت، ہُنرمندی کا اندازہ لگائے جانے، ہُنرمندی کے فروغ اور کارکنوں کو دیے جانے والے فائدوں میں ڈیجیٹل ٹکنالوجی کے رول کو بھی شامل کیا جائے گا۔x

INS Sunayna Myanmar

بھارتی بحریہ کا جہازSunayna ، بھارت کی خطے میں جاری بحری سرگرمی کے حصے کے طور پر میانمار میں Yangon بندرگاہ پہنچ گیا ہے۔ یہ دورہ، بحریہ کے سربراہ ایڈمرل دنیش۔کے۔ترپاٹھی کے میانما کے دورے کے موقع پر ہوا ہے، جس سے بھارت اور میانمار کے درمیان دوطرفہ بحری تعلقات کو مستحکم بنانے پر توجہ مرکوز کئے جانے کا اظہار ہوتا ہے۔ اس سے بھارت بحرالکاہل خطے میں تعاون پر مبنی بحری سرگرمیوں کی معاونت میں بھارتی بحریہ کے کردار کی بھی عکاسی ہوتی ہے۔

وزارت دفاع نے کہا ہے کہ بحری جہاز Sunayna اور بحریہ کے سربراہ کا یہ دورہ ''سبھی خطوں میں سکیورٹی کیلئے باہمی اور جامع پیش رفت۔ مہا ساگر'' کے بھارتی وژن کے عین مطابق ہے۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: .....عبدالمالک

شکریہ -کونین

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات کی شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔

روزنامہ انقلاب، پرتاپ اور ہندوستان ایکسپریس کے علاوہ دیگر اخبارات نے وزیراعظم نریندر مودی کی طرف سے متحدہ عرب امارات پر حملے کی سخت مذمت کیے جانے کی خبر کو اپنے صفحۂ اول پر نمایاں کیا ہے۔

BJP نے امت شاہ کو مغربی بنگال اور جے پی نڈّا کو آسام کا مبصر مقرر کیا ہے۔ اس خبر کو تقریباً سبھی اخبارات نے اپنے پہلے صفحے پر اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

بھارت اور جاپان کا صحت کے شعبے میں تعاون کو مضبوط کرنے پر زور۔ اس خبر کو ہندوستان ایکسپریس اور پرتاپ نے اپنے صفحۂ اول پر شائع کیا ہے۔

BJP صدر نتن نبین کے اِس بیان کو بھی آج کے اخبارات نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے کہ وزیراعظم مودی مغربی بنگال، آسام سمیت پورے ملک کو ترقی دیں گے۔

آج کے اخبارات نے تمل ناڈو میں TVK کی طرف سے حکومت سازی کا دعویٰ پیش کیے جانے کی خبر کو نمایاں کیا ہے۔

روزنامہ انقلاب نے لکھا ہے : امریکہ-ایران کشیدگی، دھمکی آمیز بیانوں کا سلسلہ جاری، آبنائے ہرمز میں بحری ناکہ بندی سے کشیدگی میں مزید اضافہ۔

اِس کے علاوہ آج کے اخبارات کی دیگر بین الاقوامی خبروں کی سرخیاں اِس طرح ہیں:

☆ ایرانی جارحیت ناقابل قبول ہے، جواب دینے کا حق رکھتے ہیں: متحدہ عرب امارات کا بیان

☆ چین میں پٹاخہ فیکٹری میں دھماکہ، 26 افراد ہلاک، 60 سے زائد زخمی۔

☆ لبنان کے مختلف علاقوں پر اسرائیلی حملے جاری۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں ویئتنام کے صدر To Lam کے ساتھ بات چیت کریں گے۔

2- انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال کے چیف سکریٹری، DGP اور مرکزی مسلح پولیس دستوں سے کہا ہے کہ وہ چناؤ کے بعد کے تشدد کو، ہرگز برداشت نہ کرنے کا اصول لاگو کریں۔

3- انتخابی کمیشن نے، انتخابی عمل مکمل ہونے کے بعد مغربی بنگال، آسام، کیرالم، تمل ناڈو اور پڈوچیری میں نئی اسمبلیوں کی تشکیل کیلئے نوٹیفکیشن جاری کیا ہے۔

4- NIA، نے ISIS کے رابطے والی بایو ٹیرر سازش میں، ڈاکٹر اور دو دیگر کو، بڑے پیمانے پر، لوگوں کو زہر دینے کے الزام میں ماخوذ کیا ہے۔

5- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ پروجیکٹ فریڈم، جو آبنائے ہُرمز میں پھنسے ہوئے جہازوں کو بحفاظت نکالنے کیلئے شروع کیا گیا ہے، اُسے مختصر وقفے کیلئے روکا جائے گا۔

6- اور IPL کرکٹ میں، چنئی سُپر کنگس نے ڈیلی کیپیٹلز کو 8 وکٹ سے ہرا دیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔
